A

710

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

## പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023 - 24

ക്ലാസ് : 7 ഉർദു സമയം : 2 മണിക്കൂർ

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

سرگرمی ۱

اونم کے دن میں پوکّلم بنانے کے لیے منّو پاس کے باغ گئی۔ پھول توڑتی ہوئی وہ گیت گانے لگی۔

آؤ سہیلی باغ میں جائیں
گیت خوشی کے مل کر گائیں
پھول کھلے ہیں رنگ برنگے
چمپا گیندا اور چمیلی
پیڑوں پر ہم جھولا جھولیں
جھولا جھولیں جھومیں گائیں

A بچّو، یہ گیت کس کے بارے میں ہے؟

B اس گیت میں چند پھولوں کے نام آئے ہیں۔
دو پھولوں کے نام لکھیے۔

C گیت پڑھ کر باغ کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی ۲

آج ماموں جان کی بیٹی کی شادی ہے۔ صبح سویرے منّو امّی اور دادی اماں کے ساتھ شادی گھر گئی۔ شادی گھر سجایا گیا ہے۔ رشتہ دار اور مہمان لوگ آ رہے ہیں........

A بچّو، دو رشتہ داروں کے نام لکھیے۔

B شادی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

(اشارے : مہمان، شربت، مہندی لگانا، مزیدار کھانا)

## سرگرمی ۳

شام کو شادی گھر کے پاس بچّے کرکٹ کھیل رہے تھے۔ منّو کرکٹ دیکھنے گئی۔ کرکٹ منّو کا پسندیدہ کھیل ہے۔

A بچّو، آپ کو بھی کھیل پسند ہے نا؟
چار کھیلوں کے نام لکھیے۔

B پسندیدہ کھیل کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

## سرگرمی ۴

کرکٹ کھیلنے کے لیے منّو ایک بلّا خریدنا چاہتی ہے۔
روپئے مانگتی ہوئی وہ اپنے بھائی جان کے نام ایک خط لکھتی ہے۔ منّو کا خط پڑھیے۔

کاسرکوڈ

۱۷ اگست ۲۰۲۳ء

پیارے بھائی جان ، آداب!

آپ کیسے ہیں۔ ہم سب یہاں خیر و عافیت سے ہیں۔

امّی جان آپ ہی کی باتیں کرتی رہتی ہیں۔ مجھے کرکٹ کھیلنا بہت پسند ہے۔

کرکٹ کا بلاّ خریدنے کے لیے آپ مجھے کچھ روپے بھیج دیجیے۔

آپ کی پیاری بہنا

منّو

بچّو، خط پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔

A یہ خط کون لکھتا ہے؟

B خط کس کے نام لکھتا ہے؟

C یہ خط کیوں لکھتا ہے؟

D بچّو، خبر پہنچانے کے لیے ہم اور کیا کیا طریقے استعمال کرتے ہیں؟ دو طریقوں کے نام لکھیے۔

جیسے: ایس۔ایم۔ایس (SMS)

## سرگرمی ۵

منّو شادی کے بعد دادی اماں کے ساتھ گھر جا رہی تھی۔راستے میں اپنی سہیلی چنّو سے ملی۔دونوں بہت خوش ہوئیں اور باتیں کرنے لگیں۔

چنّو : منّو، تم کہاں سے آ رہی ہو؟

منّو : ..............................

..............................

بچّو، چنّو اور منّو کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

## سرگرمی ۶

رات کو منو کہانی پڑھ رہی تھی۔

رامو چاچا ایک محنتی کسان تھا۔

اس کے گھر میں دو بکریاں تھیں۔ ایک کا رنگ کالا اور دوسرے کا سفید۔

نیتو رامو چاچا کی اکلوتی بیٹی تھی۔ وہ ہر دن بکریوں کو گھاس چراتی تھی۔

ایک دن رامو چاچا بازار سے دو بیلوں کو بھی لے آیا۔

بیلوں کو دیکھ کر نیتو بہت خوش ہوئی۔

A بچّو، کہانی غور سے پڑھیے اور اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔۔

(کون، کیا، کہاں، کیسا)

B اس کہانی کے لیے مناسب ایک عنوان تیار کیجیے۔